Roll No. | | | | | | | |

**Series RKM** **Code No. 5B**

- Please check that this question paper contains 7 printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains 18 questions.
- Please write down the Serial Number of the question before attempting it.

# URDU (Course B)

# اُردو (کورس - بی)

*Time allowed : 3 hours* *Maximum Marks : 100*

وقت : 3 گھنٹے کُل نمبر: ١٠٠

## (حصّہ - الف)

1. درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر جامع مضمون لکھیے۔ 10

(i) "ہندوستان میں بڑھتی ہوئی آبادی" ایک مسئلہ

(ii) موجودہ دور میں کمپیوٹر کی اہمیت

(iii) وقت کی پابندی کے فائدے

2. علالت کی وجہ سے تین دن کی چھٹی کے لئے پرنسپل کے نام درخواست لکھیے۔ 10

- یا -

فیس معافی کے لئے اسکول کے پرنسپل کے نام درخواست لکھیے۔

3. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 10

"پندرھویں اور سولہویں صدی میں ہندوستان میں دو بڑے مشہور ریفارمر سنت کبیر اور بابا گرونانک تھے۔ کبیر ضلع بستی کے رہنے والے تھے۔ وہ بے لوث

عبادت اور سچی روحانیت کا پیغام لے کر اُٹھے تھے۔ ان کے دوہے آج بھی خاص و عام لوگوں میں یکساں مقبول ہیں۔ اور دُکھے دلوں پر مرہم کا کام کرتے ہیں۔ گرونانک نیکی اور پاک بازی کا نور بن کر پنجاب کی زمین سے اُبھرے۔ ان کی روحانی آواز نے خدا پرستی اور کھری انسانیت کا عام پرچار کیا۔ کبیر کا زیادہ تر کلام پوربی زبان میں ہے جو اُن کے علاقے کی زبان تھی۔ گرونانک کی تعلیمات اور شاعری پنجابی زبان میں ہے۔ لیکن ان دونوں کے کلام میں خاص بات یہ ہے کہ دونوں کے یہاں انسان دوستی، عالمی امن، خیرسگالی اور وطن کی محبت کے جذبات ہیں۔ دونوں نے اعلیٰ اخلاقی قدروں کی تعلیم دی ہے۔"

(i) کبیر اور گرونانک کا زمانہ کون سا تھا ؟

(ii) کبیر کی شہرت کی وجہیں کیا کیا ہیں ؟

(iii) گرونانک نے کس چیز کا پرچار کیا ؟

(iv) گرونانک اور کبیر کی شاعری اور تعلیمات کس زبان میں ہیں ؟

(v) دونوں کے کلام کی خاص خوبیاں کیا ہیں ؟

4. درج ذیل میں سے کنہیں دو کی تعریف مع مثال لکھیے۔ 6

(i) ردیف

(ii) قافیہ

(iii) ترکیب

5. درج ذیل محاوروں اور ضرب الامثال میں سے صرف چار کے معنی لکھ کر جملوں میں استعمال کیجئے۔ 4

(i) باغ باغ ہونا

(ii) چھکّے چھڑا دینا

(iii) جان سے ہاتھ دھونا

(iv) اُونچی دکان پھیکا پکوان

(v) ڈوبتے کو تنکے کا سہارا

(vi) نیکی کر دریا میں ڈال۔

6. درج ذیل لفظوں میں سے صرف چار کے ساتھ "سابقہ" یا "لاحقہ" لگاکر صحیح لفظ لکھیے۔ 4

(i) ہمّت
(ii) غرض
(iii) دولت
(iv) مقصد
(v) روزگار
(vi) معقول

7. درج ذیل لفظوں میں سے صرف چار کے متضاد (ضد) لکھیے۔ 4

(i) روشنی
(ii) نیکی
(iii) آقا
(iv) زندگی
(v) خوشی
(vi) ممکن

8. درج ذیل مؤنث کے مذکّر اور مذکّر کے مؤنث لکھیے۔ 4

(i) درزی
(ii) شیر
(iii) والدہ
(iv) مومنہ

9. درج ذیل میں سے صرف چار کے واحد سے جمع اور جمع سے واحد لکھیے۔ 4

(i) شجر
(ii) رؤسا
(iii) ذریعہ
(iv) واقعہ
(v) اضلاع
(vi) مناظر

۱۰. درج ذیل الفاظ "اسم" ہیں ان کی صفت بتائیے۔ 4

(i) عیاری

(ii) مفلسی

(iii) عقل مندی

(iv) ہمدردی

## (حصّہ۔ ب)

۱۱. درج ذیل عبارت کا مفہوم آسان اُردو میں لکھیئے اور سبق کا نام بھی لکھیے۔ 7

عیش باغ میں ہر طرف سادھوؤں کی کُٹیاں دکھائی دے رہی تھیں جن پر نئے پھونس کے چھپّر پڑے ہوئے تھے۔ زیادہ تر سادھو اپنی اپنی کُٹی سے باہر نکل آئے تھے۔ ان میں تپسوی، جوگی، بیراگی سبھی تھے۔ کوئی منتروں کا جاپ کر رہا تھا، کوئی بھجن گا رہا تھا کوئی اپنے چیلوں کو اُپدیش دے رہا تھا اور کوئی کتھا سُنا رہا تھا، گھنٹیاں بج رہی تھیں، آرتیاں اُتاری جا رہی تھیں اور صندل کے دھوئیں سے سارا عیش باغ مہک رہا تھا۔ اچانک صندل کی خوشبوؤں میں کیوڑے، گلاب، اگر اور عنبر کی خوشبوئیں بھی شامل ہو گئیں اور سادھوؤں نے دیکھا کہ عیش باغ کے پوربی پھاٹک سے خوشبوؤں کے دھوئیں میں لپٹی ہوئی شاہی سواری اندر آ رہی ہے۔ موتی جھیل کے کنارے پہنچ کر سواری کے ساتھ کے سب لوگ رُک گئے۔

-یا-

لیاقت شاعروں کی یہ ہے کہ وہ نہایت بڑے اُستاد مصوّر کی مانند ہو کہ وہ اصل صورت اور رنگ اور خط و خال کو بھی قائم رکھتا ہے اور پھر بھی تصویر ایسی بناتا ہے کہ خوشنما معلوم ہو۔ ایشیا کے شاعروں میں ایک بڑا نقص یہی ہے کہ وہ اس کا خیال نہیں رکھتے بلکہ جس کی تعریف کرتے ہیں اُس کے اوصاف ایسے جھوٹے اور ناممکن بیان کرتے ہیں جن کے سبب سے وہ تعریف، تعریف نہیں رہتی بلکہ فرضی خیالات ہوتے

ہیں۔ ناموری کی مثال نہایت عمدہ خوشبو کی ہے۔ جب ہوشیاری اور سچائی سے ہماری واجب تعریف ہوتی ہے تو اُس کا ویسا ہی اثر ہوتا ہے جیسے عمدہ خوشبو کا، مگر جب کسی کمزور دماغ میں زبردستی وہ خوشبو ٹھونس دی جاتی ہے تو ایک تیز بو کی مانند دماغ کو پریشان کر دیتی ہے۔

12. نیچے لکھے ہوئے الفاظ سے خالی جگہیں بھریئے : 5

غریب خانہ ۔ نیک ۔ بیمار ۔ بھِک ۔ خوش

(i) .......... شخص کی مزاج پُرسی کرنا بھی نیکی ہے

(ii) .......... اخلاقی سے پیش آنا انسانیت کی دلیل ہے

(iii) .......... کام میں دیر کس بات کی۔

(iv) نعیم نے جواب دیا "میرا .......... جامع مسجد کے پاس ہے۔

(v) خوشامد ایک .......... بیماری ہے۔

13. مہذّب شخص کی سب سے بڑی پہچان کیا بتائی گئی ہے ؟ چار جملے لکھیے۔ 4

۔یا۔

اُس نیک آدمی نے آخری وقت میں "حساب امانت" کو آگ میں کیوں ڈال دیا ؟

14. ایک شریف انسان میں کیا کیا خوبیاں ہونی چاہئیں ؟ چار جملوں میں لکھیے۔ 4

۔یا۔

یونان کے کھیلوں کا نام "اولمپک" کیوں پڑا ؟

15. درج ذیل شعری حصّوں میں سے کسی ایک کی تشریح کیجئے۔ 7

ایک ہی دھرتی سے ہم سب نے جنم لیا ہے ساتھی<br>
رنگ و روپ اسی دھرتی سے ہم نے لیا ہے ساتھی

ایک ہوا میں سانس ہیں لیتے، ایک فضا میں جیتے ہیں
گنگا اور جمنا کا پانی ہم سب مل کر پیتے ہیں

رنگ و روپ الگ الگ ہیں، پھر بھی ایک سے جیون
الگ الگ ہے اپنی کیاری، پھر بھی ایک ہے گلشن

- یا -

مجھے غرض نہیں کالج میں تم پڑھے کہ نہیں ؟
جماعتوں کے مدارج پہ تم چڑھے کہ نہیں ؟
کتابیں پڑھ کے جو کیں حفظ بر زبان تو کیا ؟
اور اُن میں پاس ہوئے دے کے امتحان تو کیا ؟
تمہارے خُلق پہ بھی کچھ اثر ہوا کہ نہیں ؟
زبان سے کہنے کی دل تک گئی صدا کہ نہیں ؟

16. درج ذیل الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کیجئے ۔ 5

خوشبو ۔ ٹپکتا ۔ مہتاب ۔ صاحبِ زر ۔ شہر

(i) بزرگ ........ تھے تولے کے زر بیٹھے
(ii) وہ صحرا کے نظارے اور وہ ...... کا عالم
(iii) پہاڑوں پہ سر کو ...... ہوا
(iv) سارے جگ میں پیار کی ...... ہم بچے پھیلائیں گے
(v) دلّی جو ایک ...... ہے عالم میں انتخاب

17. نظم "دلّی" کا مرکزی خیال کیا ہے ؟ چار جملوں میں لکھئے اور شاعر کا نام بھی لکھئے ۔ 4

- یا -

چرواہا جب بنسی بجاتا ہے تو شاعر کیا محسوس کرتا ہے ؟

18. دریا کی روانی کے زور و شور کو کن الفاظ میں کیا گیا ہے ؟ چار جملوں میں لکھیے۔ 4

— یا —

نظم " بھارت کی پھلواری " کا مرکزی خیال کیا ہے ؟ اور شاعر کا نام کیا ہے ؟